https://www.jmi.ac.in

دفتر افسر اعلیٰ تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ

پریس ریلیز

جامعہ پریم چند آرکائیوز اینڈ لٹریری سینٹر کے زیر اہتمام منعقدہ پریم چند سمینار کے مقالات کو قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان، حکومت ہند نے شائع کیا

New Delhi, November 4, 2026

جامعہ ملیہ اسلامیہ کو یہ بتاتے ہوئے انتہائی فخر اور اطمینان کا احساس ہو رہا ہے کہ 'پریم چند کا ادب: نئے تناظر میں' کے موضوع پر منعقدہ قومی سمینار کے مقالات اب ضخیم کتابی صورت میں شائع ہو گئے ہیں۔ واضح ہو کہ یہ سمینار، جامعہ ملیہ اسلامیہ کے 'پریم چند آرکائیوز اینڈ لٹریری سینٹر' (جے پی اے ایل سی) کی جانب سے، قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان، نئی دہلی، حکومتِ ہند کے اشتراک سے انتیس اپریل دو ہزار چھبیس کو منعقد کیا گیا تھا۔ پروفیسر شہزاد انجم، اعزازی ڈائریکٹر (جے پی اے ایل سی، جامعہ ملیہ اسلامیہ) اور ڈاکٹر شمس اقبال ڈائریکٹر، (قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان، نئی دہلی) نے مشترکہ طور پر یہ کتاب مرتب کی ہے۔

سمینار کا انعقاد اور اس ضخیم کتاب کی اشاعت، جامعہ ملیہ اسلامیہ کے شیخ الجامعہ پروفیسر مظہر آصف اور پروفیسر محمد مہتاب عالم رضوی، مسجل، جامعہ ملیہ اسلامیہ کی بیش قیمت رہنمائی، حوصلہ افزائی اور بھرپور تعاون کے نتیجے میں ممکن ہو سکی ہے۔ جے پی اے ایل سی کا تمام عملہ، شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ اور مسجل، جامعہ ملیہ اسلامیہ کا ان کی مسلسل حمایت اور تعاون کے لیے تہہ دل سے شکر گزار ہے۔

اس کتاب میں پریم چند کے ناولوں، افسانوں، مضامین، خطوط اور دیگر تحریروں پر مبنی نئے اور عمدہ علمی مقالات شامل ہیں۔ یہ مقالات اس مجموعے میں پہلی بار شائع کیے جا رہے ہیں۔ کتاب میں شامل مقالات ہندوستان کے مختلف شہروں کے محققین اور اساتذہ نے تحریر کیے ہیں۔ بلاشبہ، یہ جامعہ ملیہ اسلامیہ کے 'پریم چند آرکائیوز اینڈ لٹریری سینٹر' کی ایک بڑی کامیابی ہے۔

ان مقالات کے لکھنے والوں میں انور پاشا، حبیب اللہ خان، کوثر مظہری، شہزاد انجم، ابوبکر عباد، عرشیہ جبین، احمد امتیاز، محمد مشتاق تجراوی، خالد مبشر، ارشاد نیازی، سید محمد عامر، جاوید حسن، ثاقب عمران، محضر رضا، شاہنواز فیاض، زاہد ندیم احسن اور سید فیصل ہاشمی (دہلی)؛ صغیر افراہیم اور محمد علی جوہر (علی گڑھ)؛ مسرت جہاں، عرشیہ جبین اور راحیل صدیقی (حیدرآباد)؛ محمد اسلم (احمد آباد)

سمی اقبال (گیا)؛ جگ موہن سنگھ (جموں)؛ درخشاں زریں اور نیلوفر فردوس (کولکاتا)؛ شاہنواز حیدر شمسی اور نسیم افضل (ہریانہ) وغیرہ شامل ہیں۔ 'پریم چند آرکائیوز اینڈ لٹریری سینٹر' اس مجموعے میں شامل تمام مقالہ نگاروں کا بھی شکر گزار ہے۔

دفتر افسر اعلیٰ تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ